© rasailojaraid.com



کا مقامِ اشاعت‘ ایڈیٹر‘ آغاز کا سنہ وغیرہ بھی بتایا گیا ہے۔

اس فہرست کے مطابق بچوں کا سب سے پہلا رسالہ بچوں کا اخبار تھا جو لاہور سے مولوی محبوب عالم نے مئی ۱۹۰۲ء میں جاری کیا تھا۔ ۱۰۰ سال سے زائد عرصے میں‘ بچوں کے سیکڑوں رسالے نکلے اور چند ایک اب بھی نکل رہے ہیں۔ اس اعتبار سے اُردو ایک باثروت زبان ہے۔ بہرحال یہ ایک معلومات افزا فہرست ہے جس میں قدیم و جدید رسائل کے سادہ و رنگین سرورق بھی شامل ہیں۔ (ر-ہ)

## تعارف کتب

☆ **تدوین سیر و مغازی**، قاضی اطہر مبارکپوری۔ ناشر: فضلی بک‘ سپر مارکیٹ‘ اُردو بازار‘ کراچی۔ صفحات: ۳۴۴۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [اپنے موضوع پر پہلی اور منفرد کتاب جس میں پہلی صدی کے نصف آخر سے تیسری صدی تک کے علماے سیر و مغازی اور ان کی تصانیف کا ذکر ہے۔ مصنف نے آٹھ سال کی طویل مدت (۱۴۰۱ھ تا ۱۴۰۹ھ) میں لکھا ہے۔ ڈاکٹر عبدالجبار شاکر کا ۲۲ صفحات کا مقدمہ اپنی جگہ ایک قیمتی علمی کاوش ہے]۔

☆ سہ ماہی **اُردو سائنس میگزین**‘ اُردو سائنس بورڈ۔ مدیر: اسلم کولسری۔ وفاقی وزارت حکومت پاکستان‘ ۲۹۹-اپر مال‘ لاہور۔ [سائنس کے مضامین کو آسان زبان اور عام فہم انداز میں بیان کرنے والا سہ ماہی رسالہ ہے۔ اس شمارے میں مسلم سائنس دان الجزری‘ ذیابطیس‘ خلائی اسٹیشن اور دیگر مضامین شامل ہیں۔ سائنسی ذہن بنانے اور سائنسی شعور بیدار کرنے میں مفید۔ مسئلہ تو پاپولر سائنس کے اس رسالے کو پاپولر بنانے کا ہے۔ عوام میں نہ سہی‘ طالب علموں میں ہی ہو جائے۔

☆ **رسائل توحید**‘ حصہ اوّل‘ محمد بن عبدالوہاب‘ ترجمہ: حامد محمود۔ اسلامک سنٹر نزد نخی سلطان کالونی‘ سورج میانی روڈ‘ ملتان۔ [محمد بن عبدالوہاب کی یہ تحریر گہرے غور و فکر کے ساتھ مطالعے کی متقاضی ہے۔ عقائد کے حوالے سے بنیادی مباحث آ گئے ہیں۔ لا الہ الا اللہ کی شروط‘ اور نواقض الاسلام‘ یعنی جن باتوں سے آدمی مسلمان نہیں رہتا (۱۰ باتیں بیان کی گئی ہیں) توحید‘ شرک‘ کفر سب کچھ انھی ۵۰ صفحات میں آ گیا ہے۔ مترجم نے بھی ۷ صفحے میں ’’عرض‘‘ کیا ہے۔]

---

اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com